**01.03.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں........... عبدالواحد
**Music**

.......................................................................

☆ امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت کے بعد سینئر ایرانی عالمِ دین آیت اللہ علی رضا عارفی کو ملک کا عبوری سپریم لیڈر نامزد کیا گیا ہے۔
☆ اسرائیل نے ایران پر تازہ حملے کئے ہیں، جبکہ تہران نے پورے خلیج میں جوابی حملے کئے ہیں۔
☆ ایران کے سپریم لیڈر کی موت پر متعدد ممالک میں تعزیتی جلسے اور مظاہرے کئے گئے ہیں، جبکہ پاکستان کے کراچی میں امریکی قونصل خانے کے قریب پُرتشدد جھڑپ میں دس افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔
☆ وزیراعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو کے مدورائی میں چار ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ڈھانچہ جاتی منصوبوں کا آغاز کیا، اسے ریاست کے ترقی کے سفر کا قابل فخر باب قرار دیا۔
☆ اور کرکٹ میں کولکاتا میں جاری **Super Eight** کے گروپ-**1** کے اہم مقابلے میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کے سامنے **196** رن کا ہدف رکھا ہے۔

.......................................................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**Rev. US Israel Iran War**

امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ فضائی حملے میں آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت کے بعد ایران کے سینئر عالمِ دین آیت اللہ علی رضا عارفی، ملک کے عبوری سپریم لیڈر کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق خامنہ ای کی موت کے بعد آئین کی دفعہ **111** کو فعال کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ہنگامی قیادت کا نظام نافذ ہوگیا ہے۔ اِس انتظام کے تحت تین رکنی کونسل مستقل جانشین کے انتخاب تک سپریم لیڈر کے اختیارات سنبھالے گی۔ آیت اللہ علی رضا عارفی کو اِس عبوری قیادت کی کونسل کا فقہی رکن مقرر کیا گیا ہے۔
سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ ایرانی رہنما، کل تہران میں فوجی اور سرکاری ٹھکانوں کو نشانہ بنانے والے بڑے امریکی اور اسرائیلی حملے میں مارے گئے۔
ایرانی سرکاری میڈیا نے آج بتایا کہ سپریم لیڈر کی وفات پر ملک میں چالیس روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا ہے۔ ایران کے فوجی عملے کے سربراہ جنرل عبد الرحیم موسوی اور وزیر دفاع جنرل عزیز نصیر زادہ بھی اِس حملے میں مارے گئے۔ اس کے علاوہ اب تک **200** افراد ہلاک اور **700** سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ...........

## VC News Desk

اس دوران ایران کے سپریم لیڈر کی موت کے بعد اسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر تازہ حملے کیے۔ تہران میں دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئیں جبکہ اسرائیل نے کہا کہ وہ اپنی کارروائیوں کو ایرانی راجدھانی کے مرکز تک توسیع دے رہا ہے۔ ایران نے بھی جوابی کارروائی کرتے ہوئے اسرائیل اور سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت مغربی ایشیائی خطے میں موجود امریکی فوجی تنصیبات پر میزائل اور ڈرون حملے کیے۔ ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے امریکی بحری جہاز USS ابراہم لنکن پر چار بیلسٹک میزائل داغے۔

اسرائیلی ایمرجنسی سروسز کے مطابق ایرانی بیلسٹک میزائل حملے میں Beit Shemesh شہر میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 9 ہو گئی ہے۔

متحدہ عرب امارات کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ ایرانی حملوں میں اب تک تین افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ وزارت کے مطابق ایران کے ڈرون حملوں سے ابوظہبی اور دبئی کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں کو نقصان پہنچا ہے۔ قطر، بحرین، اردن اور کویت، جہاں امریکی فوجی اڈے موجود ہیں، نے بھی اپنی جانب داغے گئے میزائلوں کو فضا میں تباہ کرنے کی اطلاع دی ہے، تاہم گرنے والے ملبے سے وسیع پیمانے پر نقصان ہونے کی اطلاعات ہیں۔

نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد شہزاد

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے خلیجی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں سے بات چیت کی، جن میں متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور قطر شامل ہیں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی ضرورت پر زور دیا۔

مغربی ایشیا میں بھارتی سفارت خانوں نے اپنے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ خطے کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر جاری کردہ ہدایات پر عمل کریں۔ سفارت خانوں نے بھارتی شہریوں کو انتہائی احتیاط برتنے، سرکاری ہدایات پر عمل کرنے اور غیر ضروری آمد و رفت سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ کویت میں بھارتی سفارت خانہ عارضی فضائی حدود کی بندش کے باعث وہاں پھنسے بھارتی شہریوں کی مدد جاری رکھے ہوئے ہے۔ مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال کے سبب آج بھارتی فضائی کمپنیوں کی مجموعی طور پر 350 پروازیں ردّ کر دی گئی ہیں۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے مسافروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی پروازوں کی صورتحال کے بارے میں متعلقہ ایئرلائن سے معلوم کریں اور کسی بھی مدد کے لیے ان کے ساتھ رابطے میں رہیں۔

دلّی ہوائی اڈے نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ مغرب کی جانب جانے والی بین الاقوامی پروازوں میں تاخیر یا اوقات میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے مغربی ایشیائی خطے میں کل ہونے والے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بورڈ نے کہا ہے کہ نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔x

## Iran Israel Conflict Reax

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں کی مذمت کی ہے اور فوری طور پر مذاکرات شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ خطے اور دنیا کو ایک بڑی جنگ کے دہانے سے واپس لایا جا سکے۔

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے ایرانی سپریم لیڈر اور ان کے خاندان کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک سفاکانہ قتل

قرار دیا ہے، جو انسانی اخلاقیات اور بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی ہے۔ صدر پوتن نے یہ بات، ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو بھیجے گئے ایک پیغام میں کہی ہے، جسے آج کریملن کی جانب سے جاری کیا گیا۔ دوسری جانب برطانیہ نے ایران کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ایران مغربی ایشیا میں اندھا دھند حملے کر رہا ہے۔ برطانیہ نے مزید کہا کہ اس نے خطے میں اپنے دفاعی انتظامات مضبوط کر دیے ہیں۔ x

**Pak Protestors Killed**

امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملے میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت کے بعد آج متعدد ملکوں میں تعزیتی جلسے اور احتجاجی مظاہرہ کئے گئے۔ ان کی موت پر شیعہ برادری میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ ایران کے تہران، اصفہان اور مشہد میں ہزاروں افراد نے آیت اللہ علی خامنہ ای کی موت پر سوگ منایا۔ بھارت میں لوگ دِلی میں ایران کلچرل ہاؤس کے باہر جمع ہوئے، جہاں خامنہ ای کی موت پر تعزیتی جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔

پاکستان میں پرتشدد جھڑپ میں دس افراد اس وقت پولیس گولی باری میں ہلاک ہوگئے، جب انہوں نے امریکی قونصل خانے کی طرف مارچ کرنے کی کوشش کی۔ اس دوران متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ اسکردو میں بھی ہزاروں کی تعداد میں لوگ جمع ہوئے اور اقوام متحدہ کے دفتر میں آگ لگادی۔x

**Rev. PM Madauri**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر تمل ناڈو کے شہر مدورئی میں **4** ہزار **400** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، سنگِ بنیاد رکھا اور انہیں ملک کے نام وقف کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج کا یہ پروگرام، تمل ناڈو کی ترقی کے سفر میں ایک قابلِ فخر باب کا اضافہ ہے۔

**S/B: PM- Project**

جناب مودی نے کہا کہ آج جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا، ان میں **Kumbakonam**، **Yercaud** اور **Vellore** میں آکاشوانی کے تین نئے **FM** رِیلے ٹرانسمیٹر شامل ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ ٹرانسمیٹر، علاقائی کوریج کو وسعت دیں گے، **FM** نشریات کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنائیں گے اور ریاست کے مختلف اضلاع میں عوامی نشریاتی خدمات تک رسائی بہتر کریں گے۔

**S/B: PM - Akashwani**

بعد میں وزیرِ اعظم مودی نے مدورئی میں قومی جمہوری اتحاد **NDA** کی جانب سے منعقدہ جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو میں **DMK** حکومت، مکمل اکثریت حاصل کرنے کے باوجود مؤثر حکمرانی فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے۔ وزیرِ اعظم نے دعویٰ کیا کہ صرف **NDA** سرکار ہی شفاف اور مؤثر حکومت دے سکتی ہے اور ریاست میں پائیدار ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنا سکتی ہے۔

**S/B: PM Rally- NDA**

اس سے قبل دن میں وزیرِ اعظم نے پڈوچیری میں**2** ہزار **700** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔x

**PM Canada PM Talks**

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور کناڈا کے ان کے ہم منصب مارک کارنی، کل نئی دلّی کے حیدرآباد ہاؤس میں وفد سطح کی بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما، بھارت اور کناڈا کی اسٹریٹیجک شراکت داری کے مختلف شعبوں میں اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔
دونوں رہنما، تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، اہم معدنیات، زراعت، تعلیم، تحقیق و اختراع اور عوامی رابطے جیسے اہم شعبوں میں موجودہ تعاون پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔ اس کے علاوہ دونوں لیڈر، بھارت-کناڈا **CEOs** فورم میں بھی شرکت کریں گے۔**x**

**PM Hind DI Chadar**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سکھ برادری کے وقار اور انصاف کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے مہاراشٹر کے شہر نوی ممبئی میں **Hind Di Chadar** اجتماع کیلئے ایک ویڈیو پیغام میں سکھ برادری کیلئے مختلف فلاحی اقدامات کا ذکر کیا اور کہا کہ ایسے اجتماعات سماجی یکجہتی کو مضبوط بناتے ہیں اور گروؤں کی آشیرواد کی عکاسی کرتے ہیں۔

**S/B: PM**

اِس موقع پر موجود مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گرو تیغ بہادر کو اپنے عقیدے کی حفاظت کیلئے دی گئی قربانی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔×

**Nagpur Explosion**

مہاراشٹر کے ناگپور میں ایک فیکٹری میں زبردست دھماکہ ہونے سے **17** افراد کی موت ہوگئی۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے دھماکے میں جانی نقصان پر گہرے دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے مہلوکین کے لواحقین کو پرائم منسٹر کے نیشنل ریلیف فنڈ سے دو-دو لاکھ روپے کی مالی مدد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپے کی مالی مدد دی جائے گی۔×

**CHH Garh Maoists**

چھتیس گڑھ کے **Mahasamund** میں **9** خواتین سمیت **15** ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔ ہتھیار ڈالنے والے افراد پر مجموعی طور پر **73** لاکھ روپے کا انعام مقرر تھا۔×

**MEA Fact Check**

وزارتِ خارجہ کی **Fact Check** یونٹ نے اُس سوشل میڈیا پوسٹ کی تردید کی ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کل سفارتکاروں کو لے کر دوبئی سے ایک پرواز نے اُڑان بھری اور انخلاء کیلئے لوگ **MEA** کے ساتھ خود کو رجسٹر کراسکتے ہیں۔ **Fact Check** یونٹ نے اِسے فرضی اور گمراہ کُن قرار دیا۔ اِس نے لوگوں سے سوشل میڈیا پر اِس طرح کی پوسٹ سے محتاط رہنے اور متحدہ عرب امارات میں ہونے والی پیش رفت کیلئے سرکاری چینلوں سے رجوع کرنے کی اپیل کی ہے۔×

**Mussorrie Shivraj Chouhan**

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ مرکزی حکومت کسانوں کے حق میں دو اہم اصلاحات کو نافذ کرنے جارہی ہے۔ اِن میں بیج سے متعلق قانون اور کیڑے مار ادویات کے بندوبست سے متعلق قانون شامل ہیں۔ یہ باتیں مرکزی وزیر زراعت نے اتراکھنڈ کے مسوری میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

**Byte: Shivarj Singh Chouhan**

وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ ایک جگہ پر ہی تمام ضروری معلومات تک کسانوں کی رسائی کو یقینی بنانے کیلئے ''ایک بھارت'' پہل کے تحت ایک AI پر مبنی نظام تیار کیا جارہا ہے۔×

**GST Collection February**

GST کا مجموعی کلیکشن اِس سال فروری میں ایک لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کرگیا ہے۔ یہ گزشتہ برس میں اِسی ماہ کے مقابلے آٹھ اعشاریہ ایک فیصد اضافہ ہے۔ فروری 2025 میں مجموعی GST کلیکشن ایک لاکھ 69 ہزار کروڑ روپے تھا۔×

**Northern Railway Holi Festival**

بھارتی ریلویز نے آنے والے ہولی تہوار کے دوران مسافروں کے ہموار، محفوظ اور آرام دہ سفر کو یقینی بنانے کیلئے منظّم بندوبست کیے ہیں۔ مسافروں کے نقل وحمل میں متوقع اضافے کے پیش نظر شمالی ریلوے نے 64 ہولی اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ریل گاڑیاں، پرانی دلّی، نئی دلّی اور آنند وہار ٹرمنل سمیت ملک کے بھر سے دیگر اسٹیشنوں سے چلائی جائے گی۔ x

**Must Announcemen Public Speak**

آکاشوانی نیوز کل شام ساڑھے نو بجے اپنی دو زبانوں میں لائیو فون اِن پروگرام ''پبلک اسپیک'' میں اعضاء کے عطیہ کی اہمیت پر ایک بصیرت افروز پروگرام لے کر آرہا ہے۔ پروگرام کے دوران سامعین اس موضوع پر سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ اس میں حصہ لینے کیلئے کل شام ساڑھے نو بجے کے بعد

صفر ایک ایک، دو تین تین ایک، صفر چار آٹھ ایک،

صفر ایک ایک،دو تین سات ایک، سات ایک ایک سات

صفر ایک ایک، دو تین سات ایک، سات ایک صفر چھ

اور صفر ایک ایک، دو تین تین ایک، چار چار چار چار

پر ڈائل کریں۔ اس کے علاوہ، آپ نو دو آٹھ نو صفر نو چار صفر چار صفر چار چار نمبر پر وہاٹس ایپ کے ذریعے اپنے سوالات بھیج سکتے ہیں یا پھر ایکس پر ہیش ٹیگ آسک اے آئی آر پر بھی اپنے سوالات پوسٹ کرسکتے ہیں۔×

**ICC T20 World Cup**

ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، آج کولکاتہ کے Eden Gardens میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کی جیت کیلئے 196 رن کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے مقررہ 20 اوورز میں چار وکٹ پر 195 رن بنائے تھے۔

اب سے کچھ دیر پہلے بھارت نے دو وکٹ پر پانچ اوور میں 45 رن بنا لئے تھے۔

واضح رہے کہ اِس میچ میں جیتنے والی ٹیم سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرے گی۔ ×

## WB Pariwartan Yatra

بھارتیہ جنتاپارٹی کے قومی صدر نتن نبین نے آج مغربی بنگال کے کوچ بہار سے پارٹی کی پریورتن سنکلپ یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ Rasmoni میلہ گراؤنڈ میں پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے دعویٰ کیا کہ خصوصی جامع نظرثانی عمل کے ذریعے ریاست کی ووٹر فہرست سے50 لاکھ غیرقانونی ووٹرس کو ہٹایا گیا ہے اور ترنمول کانگریس کی حکومت کے ذریعے اِس کی مخالفت کئے جانے پر سوال اُٹھایا۔×

## AI Summit Reaction

مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبے میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ نئی دِلی میں حال ہی میں اختتام پذیر ہوئی India AI Impact Summit 2026 نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اے آئی پر مبنی حل کس طرح بھارت کے کیمپس بھرتی ایکو نظام کو ازسرنو تشکیل دے رہے ہیں۔ اس سے اداروں اور صنعتوں کو بھرتی کے پیچیدہ عمل کو تیز تر اور ٹیکنالوجی پر مبنی طریقے میں منتقل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ سمٹ کے دوران آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کے دوران منٹ ہائر کے ونش تیاگی نے بتایا کہ فی الحال بھارت میں کیمپس بھرتی کا عمل سات سے آٹھ دن میں پورا کررہے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆